مولانا اکرام الحق صاحب کوصدمہ

مورخہ 8 جنوری بروزاتوار مولانا اکرام الحق جہلمی صاحب کے بہنوئی وقارمحمودکیانی وفات پاگئے۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم مرکزی جامع مسجد اہل حدیث کے مستقل نمازی تھے۔ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

حاجی محمد اشرف صاحب کوصدمہ

مورخہ 25 جنوری بروزبدھ حاجی محمد اشرف صاحب (چوہدری جیولرز والے) کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں۔اناللہ وانا الیہ راجعون! مرحومہ پرہیز گاراور بااخلاق خاتون تھیں۔

ڈاکٹر محمد اقبال رانا صاحب کوصدمہ

مورخہ یکم فروری بروز بدھ ڈاکٹر محمد اقبال رانا صاحب کے والدگرامی وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن کے مستقل نمازی تھے۔بڑے ہی متقی پرہیزگاراور شب زندہ دارانسان تھے۔ان کی نماز جنازہ ٹینکی والی گراؤنڈ بلال ٹاؤن میں مولانا قطب شاہ صاحب نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکور بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں،کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطافرمائے اور ورثاءکوصبر جمیل کی توفیق عطافرمائے۔(آمین)

ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القرآن)

اور بے شک ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کردیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن فہمی کیلئے

ترجمہ قرآن کلاس کا اجراء

داخلہ شروع ہے

بوقت بعد از نماز مغرب (دورانیہ کلاس آدھ گھنٹہ)

بمقام مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث جہلم